ماہنامہ

انصار اللہ

جلسہ سالانہ ربوہ کا ایک روح پرور منظر

(۱۹۸۳ء کے بعد سے حکومت کی طرف سے اجازت نہ ملنے کے باعث پاکستان میں جلسہ سالانہ منعقد نہیں ہوسکا۔)

دسمبر 2009ء

فتح 1388 ھش

ایڈیٹر: نصیر احمد انجم

شرک سے گریز کریں

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ الودود نے فرمایا:

''......کسی سے بھی ضرورت سے زیادہ محبت یا اپنے کسی کام میں بھی ضرورت سے زیادہ غرق ہونا اس حد تک Involve ہونا کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کی ہوش ہی نہ رہے، یہ شرک ہے، کاروباری آدمی ہے یا ملازمت پیشہ ہے۔ اگر نمازوں کو بھول کر ہر وقت صرف اپنے کام کی، پیسہ کمانے کی فکر ہی رہے تو یہ بھی شرک ہے۔ نوجوان اگر کمپیوٹر یا دوسری کھیلوں وغیرہ یا مصروفیات میں لگے ہوئے ہیں جس سے وہ اللہ کی عبادت کو بھول رہے ہیں تو یہ بھی شرک ہے۔''

(مشعل راہ جلد پنجم حصہ سوم صفحہ ۱۰۶)

احمدی انصار کی تعلیم و تربیت کیلئے

ماہنامہ انصاراللہ

ایڈیٹر: نصیر احمد انجم

فتح 1388 ہش دسمبر 2009ء

جلد ------------------------ 50-

شمارہ ------------------------ 12

فون نمبر 047-6212982۔ فیکس 047-6214631

ای میل: ansarullahpakistan@gmail.com

نائبین

- ریاض محمود باجوہ
- صفدر نذیر گولیکی
- محمود احمد اشرف

پبلشر: عبدالمنان کوثر

پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ

کمپوزنگ اینڈ ڈیزائننگ: فرحان احمد ذکاء

مقام اشاعت: دفتر انصاراللہ

دارالصدر جنوبی چناب نگر (ربوہ)

مطبع: ضیاء الاسلام پریس

شرح چندہ: (پاکستان)

سالانہ .... ڈیڑھ سو روپے

قیمت فی پرچہ .... 15 روپے

اس شمارہ میں

اداریہ .... 3،2

القرآن 4

حدیث نبویؐ 5

عربی منظوم کلام 6

فارسی منظوم کلام 7

اردو منظوم کلام 8

کلام الامام 9

جلسہ سالانہ کی یادیں .... 16۔10

مقابلہ مقالہ نویسی برائے انصار بعنوان **"تقوی"** **25,17**

مقابلہ مقالہ نویسی برائے خدام بعنوان **"جماعت احمدیہ اور خدمت قرآن"** 31-26

مقابلہ مقالہ نویسی برائے اطفال بعنوان ''سیرت خلیفۃ المسیح الاوّلؓ'' 35,32

مقابلہ مقالہ نویسی برائے لجنہ اماء اللہ بعنوان ''بد رسومات کے خلاف جہاد'' 41,36

مقابلہ مقالہ نویسی برائے ناصرات الاحمدیہ بعنوان ''سیرت حضرت عائشہ صدیقہؓ'' 44,42,

نتیجہ امتحان سہ ماہی سوم 2009ء 48,45

ادا ریہ

”کیا اللہ اپنے بندے کے لئے کافی نہیں“

اللہ تعالیٰ رحیم و رحمان ہے اپنے بندوں پر شفقت کرنے والا اور بہت پیار کرنے والا ہے۔اس کی رحمتیں کل عالم پر جلوہ فگن ہیں سورج کو دیکھ لیں تمام مخلوقات پر یکساں روشن ہے۔نیکوکار بھی اس کے فوائد سے فیض یاب ہوتے ہیں اور بدکار بھی۔یہی حال خدا کی طرف سے مہیا کردہ اکثر نعماء میں نظر آتا ہے۔یہ خدا تعالیٰ کا عام سلوک ہے جو تمام مخلوقات سے ہوتا ہے،لیکن جو لوگ خدا سے لو لگاتے ہیں اور خدا کے ہی ہو جاتے ہیں ان سے خدا کا سلوک بھی عام مخلوق کی نسبت زیادہ مائل بہ کرم ہوتا ہے۔جب یہ اہل صفا دنیا سے منہ موڑ کر آستانہ الوہیت پر سر خم کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ ان کا معین و مددگار اور حامی و ناصر ہو جاتا ہے اور یہ نوید ان کو دیتا ہے۔

﴿ کیا اللہ اپنے بندے کے لئے کافی نہیں ﴾

یہ قرآن کریم کی آیت بھی ہے اور حضرت مسیح موعودؑ کو اللہ تعالیٰ نے الہاماً بھی یہ خوشخبری عطا فرمائی۔

آنحضرت ﷺ کی سیرت طیبہ میں ایسے بہت سے واقعات ملتے ہیں جب خدا نے آپ ﷺ کی خاطر اپنی خصوصی تقدیر جاری فرمائی۔حضرت مسیح موعودؑ کی زندگی میں بھی ایسی متعدد مثالیں ملتی ہیں جب خدا نے آپ سے ایسا سلوک فرمایا جیسے مادر مہربان اپنے بچے کو دونوں بازوؤں میں سمیٹ لیتی ہے اور ہر خطرے کے لئے سپر بن جاتی ہے۔حضرت مسیح موعودؑ کے غلاموں میں سے بھی بعض کے ساتھ خدا تعالیٰ کی خصوصی شفقت کا سلوک نظر آتا ہے حضرت مولانا غلام رسول راجیکی صاحب کا یہ ایمان افروز واقعہ ملاحظہ فرمائیں:۔

”ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ میں قادیان مقدس میں تھا۔اتفاق سے گھر میں اخراجات کے لئے کوئی رقم نہ تھی۔اور میری بیوی کہہ رہی تھی گھر کی ضرورت کے لئے گھر میں کوئی رقم نہیں۔بچوں کی تعلیمی فیس بھی ادا نہیں ہو سکی سکول والے تقاضا کر رہے ہیں۔بہت پریشانی

ہے۔ابھی وہ بات کہہ ہی رہی تھیں کہ دفتر نظارت سے مجھے حکم آ گیا کہ دہلی اور کرنال وغیرہ میں بعض جلسوں کی تقریب ہے آپ ایک وفد کے ساتھ جانے کے لئے تیار ہو کر ابھی دفتر آ ئیں۔جب میں دفتر جانے لگا تو میری اہلیہ نے مجھے پھر کہا کہ آپ لمبے سفر پہ جارہے ہیں اور گھر میں بچوں کے گزارا اور اخراجات کے لئے کوئی انتظام نہیں میں ان چھوٹے بچوں کے لئے کیا انتظام کروں؟ **میں نے کہا میں سلسلے کا حکم ٹال نہیں سکتا اور جانے سے رُک نہیں سکتا کیونکہ میں نے دین کو دنیا پر مقدم کرنے کا عہد کیا ہوا ہے۔** صحابہ کرامؓ جب اپنے اہل وعیال کو گھروں میں بے سرو سامانی کی حالت میں چھوڑ کر روانہ ہوتے تھے تو گھر والوں کو یہ بھی خطرہ ہوتا تھا نہ معلوم وہ واپس آتے ہیں یا شہادت کا مرتبہ پا کر ہمیشہ کے لئے ہم سے جُدا ہو جاتے ہیں بچے یتیم اور بیوی بیوہ ہوتی ہے۔لیکن (..........) ہم سے اور ہمارے اہل وعیال سے نرم سلوک کیا گیا ہے۔اور ہمیں قتال اور حرب درپیش نہیں بلکہ زندہ سلامت آنے کے زیادہ امکانات ہیں۔پس آپ کو اس نرم سلوک کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کا شکر بجالانا چاہیئے۔اس پر میری بیوی خاموش ہوگئی اور میں گھر سے نکلنے کے لئے آگے بڑھا۔اس حالت میں مَیں نے اللہ کے حضور عرض کیا کہ ''اے میرے محسن خدا تیرا یہ عاجز بندہ تیرے کام کے لئے روانہ ہو رہا ہے اور گھر کی حالت تجھ پر مخفی نہیں تُو خود ہی ان کا کفیل ہو اور ان کی حاجت روائی فرما تیرا یہ عبدِ حقیر ان افسردہ دلوں اور حاجت مندوں کے لئے راحت اور مسرت کا کوئی سامان مہیا نہیں کرسکتا۔'' میں دعا کرتا ہوا ابھی بیرونی دروازے تک پہنچا کہ باہر سے کسی نے دستک دی۔جب میں نے آگے بڑھ کر دروازہ کھولا تو ایک صاحب کھڑے تھے انہوں نے فرمایا فلاں شخص نے مجھے بلا کر یکصد روپیہ دیا ہے اور کہا ہے کہ آپ کے ہاتھ میں دے کر عرض کیا جائے کہ اس کے دینے والے کا نام کسی سے ذکر نہ کریں۔میں نے وہ روپے لے کر انہی صاحب کو اپنے ساتھ لیا اور کہا کہ میں تو اب (..........) سفر کے لئے نکل پڑا ہوں۔بازار سے گھر جانا مناسب نہیں اب میں نے جو کچھ بازار سے ضروری سامان خورد ونوش لینا ہے وہ میرے گھر پہنچا دیں۔وہ شخص بخوشی میرے ساتھ بازار گیا میں نے ضروری سامان خرید کر ان کو گھر لے جانے کے لئے دے دیا، اور بقیہ رقم متفرق اخراجات اور ضروریات کے لئے ان کے ہاتھ گھر بھجوادی۔ فالحمد للہ علیٰ ذالك

(حیات قدسی صفحہ ۲۶۷۔۲۶۶)

xxxxx(x)xxxxx

القرآن

انابت الی اللہ

وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحاً
فَاِنَّہٗ یَتُوْبُ اِلَی اللّٰہِ مَتَاباً

(الفرقان آیت :۷۲)

ترجمہ: اور جو توبہ کرے اور نیک اعمال بجالائے تو وہی ہے جو اللہ کی طرف توبہ کرتے ہوئے رجوع کرتا ہے

(اردو ترجمہ از حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ)

xxxxx(x)xxxxx

حدیث نبوی ﷺ

احساس ندامت

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَسْرَفَ رَجُلٌ عَلٰی نَفْسِهٖ فَلَمَّا حَضَرَهُ الْمَوْتُ اَوْصٰی بَنِیْهِ فَقَالَ اِذَا اَنَا مِتُّ فَاَحْرِقُوْنِیْ ثُمَّ اسْحَقُوْنِیْ ثُمَّ ذَرُّوْنِیْ فِی الرِّیْحِ فِی الْبَحْرِ فَوَاللّٰهِ لَئِنْ قَدَرَ عَلَیَّ رَبِّیْ لَیُعَذِّبُنِیْ عَذَابًا مَا عَذَّبَهُ اَحَدًا قَالَ فَفَعَلُوْا بِهٖ ذٰلِکَ فَقَالَ لِلْاَرْضِ : اَدِّیْ مَا اَخَذْتِ، فَاِذَا هُوَ قَائِمٌ فَقَالَ لَهُ مَا حَمَلَکَ عَلٰی مَاصَنَعْتَ قَالَ خَشْیَتُکَ اَوْ مَخَافَتُکَ یَا رَبِّ فَغَفَرَ لَهُ.

(بخاری کتاب التوحید، ابن ماجہ کتاب الزھد باب ذکر الذنوب، مسند احمد جلد 2 ص 269)

ترجمہ:۔ حضرت ابوھریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا ایک شخص نے اپنے آپ پر بہت زیادتی کی، خوب گناہ کئے جب وہ مرنے لگا تو اس نے اپنے بیٹوں کو وصیت کی کہ جب میں مرجاؤں تو مجھے جلا دینا، پھر میرے جلے ہوئے جسم کو باریک پیس لینا اور میری اس راکھ کو سمندری فضا کی ہوا میں اُڑا دینا خدا کی قسم مجھے یہ ڈر ہے کہ اگر میں اپنے خدا کے ہاتھ آ گیا تو میرے گناہوں کی وجہ سے وہ مجھے ایسی سزا دے گا جس کی مثال نہیں مل سکے گی حضور ﷺ نے فرمایا چنانچہ اس کے بیٹوں نے اس کی وصیت کے مطابق عمل کیا لیکن خدا نے زمین کو حکم دیا جہاں جہاں اس شخص کی راکھ کے ذرے گرے ہیں وہ سب واپس کر دو چنانچہ وہ شخص پورے جسم کے ساتھ خدا کے حضور لرزاں ترساں آ حاضر ہوا خدا نے اس سے پوچھا تم نے ایسا کیوں کیا؟ اس نے جواب دیا تیری خشیت اور تیرے خوف نے مجھے ایسا کرنے پر مجبور کیا۔ خدا کو اس کی یہ ادا اور احساسِ ندامت پسند آیا اور اس شخص کو بخش دیا۔

عربی منظوم کلام

وَاٰخِرُ نُصْحِیْ تَوْبَةٌ ثُمَّ تَوْبَةٌ

اَطِعْ رَبَّکَ الْجَبَّارَ اَهْلَ الْاَوَامِرِ
وَخَفْ قَهْرَهٗ وَاتْرُکْ طَرِیْقَ التَّجَاسُرِ

اپنے جبار اور صاحب حکم رب کی اطاعت کر اور اس کے قہر سے ڈر اور دلیری کا طریقہ چھوڑ دے

وَکَیْفَ عَلَی النَّارِ النَّهَا بِرِتَصْبِرُ
وَاَنْتَ تَـأَذّٰی عِنْدَ حَرِّ الْهَوَاجِرِ

اور تو دوزخ کی آگ پر کس طرح صبر کرے گا حالانکہ تجھے تو دوپہر کی گرمی سے بھی تکلیف ہوتی ہے

وَوَاللّٰهِ اِنَّ الْفِسْقَ صِلٌّ مُّدَمِّرٌ
کَمَلْمَسِ اَفْعٰی نَاعِمٌ فِی النَّوَاظِرِ

اور خدا کی قسم بدکاری ایک ہلاک کردینے والا سانپ ہے جو سانپ کی کھال کی طرح دیکھنے میں اچھی معلوم ہوتی ہے

فَلَا تَخْتَرُو الطَّغْوٰی فَاِنَّ اِلٰهَنَا
غَیُوْرٌ عَلٰی حُرُمَاتِهٖ غَیْرُ قَاصِرِ

پس سرکشی نہ اختیار کرو کیونکہ ہمارا خدا بڑا غیرت مند ہے اور اپنی حرام کی ہوئی چیزوں کے کرنے والے کو سزا کے بغیر نہیں چھوڑے گا

وَلَا تَقْعُدَنْ یَابْنَ الْکِرَامِ بِمُفْسِدٍ
فَتَرْجِعُ مَنْ حَبَّ الشَّرِیْرَ کَخَاسِرِ

اور اے بزرگوں کے بیٹے تو شریروں کے پاس نہ بیٹھا کر کیونکہ تو شریروں سے محبت کر کے نقصان ہی اٹھائے گا

وَاٰخِرُ نُصْحِیْ تَوْبَةٌ ثُمَّ تَوْبَةٌ
وَمَوْتُ الْفَتٰی خَیْرٌ لَّهٗ مِنْ مَّنَاکِرِ

اور میری آخری نصیحت یہ ہے کہ توبہ کر اور پھر توبہ کر اور ایک جوان کا مرجانا اس کے گناہ کرنے سے اچھا ہے

(القصائد الاحمدیہ مترجم جدید ایڈیشن صفحہ ۳۷۷)

فارسی منظوم کلام

ایں چشمۂ رواں کہ بخلقِ خدادہم

جان و دلم فدائے جمالِ محمد است
خاکم نثارِ کوچہ آل محمد است

میری جان و دل محمد کے جمال پر فدا ہیں۔اور میری خاک آل محمدؐ کے کوچہ پر قربان ہے

دیدم بعینِ قلب وشنیدم بگوشِ ہوش
در ہر مکان ندائے جلالِ محمد است

میں نے دل کی آنکھوں سے دیکھا اور عقل کے کانوں سے سنا۔ہر جگہ محمدؐ کے جلال کا شہرہ ہے

ایں چشمۂ رواں کہ بخلقِ خدا دہم
یک قطرۂ زبحرِ کمالِ محمد است

معارف کا یہ دریائے رواں جو میں مخلوق خدا کو دے رہا ہوں یہ محمدؐ کے کمالات کے سمندر میں سے ایک قطرہ ہے

ایں آتشم زِ آتشِ مہر محمدی ست
وایں آبِ من زآبِ زلالِ محمد است

یہ میری آگ محمدؐ کے عشق کی آگ کا ایک حصہ ہے اور میرا پانی محمدؐ کے مصفا پانی میں سے لیا ہوا ہے

(درثمین فارسی مترجم صفحہ 145)

☆☆☆☆☆☆

اردو منظوم کلام

☆نعتِ رسول کریم ﷺ☆

سب پاک ہیں پیمبر اِک دوسرے سے بہتر
لیک از خدائے برتر خیرالوریٰ یہی ہے
پہلوں سے خوب تر ہے خوبی میں اِک قمر ہے
اس پر ہر اِک نظر ہے بدرُالدجےٰ یہی ہے
پہلے تو رہ میں ہارے پار اُس نے ہیں اُتارے
میں جاؤں اُس کے وارے بس ناخُدا یہی ہے
پردے جو تھے ہٹائے اندر کی رہ دکھائے
دل یار سے ملائے وہ آشنا یہی ہے
وہ یار لامکانی ، وہ دلبر نہانی
دیکھا ہے ہم نے اس سے بس رہ نُما یہی ہے
وہ آج شاہ دیں ہے وہ تاج مرسلیں ہے
وہ طیّب و اَمیں ہے اُس کی ثناء یہی ہے
حق سے جو حکم آئے سب اُس نے کر دکھائے
جو راز تھے بتائے نعم العطاء یہی ہے
آنکھ اس کی دور بیں ہے دل یار سے قریں ہے
ہاتھوں میں شمع دیں ہے عین الضیاء یہی ہے
جو راز دیں تھے بھارے اس نے بتائے سارے
دولت کا دینے والا فرماں روا یہی ہے

(درثمین اردو مطبوعہ رقیم پریس لندن صفحہ ۸۳)

☆☆☆☆☆☆

کلام الامام

کرامت کیا چیز ہے

حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:۔

’’وہ خدا جو آنکھوں سے پوشیدہ مگر سب چیزوں سے زیادہ چمک رہا ہے جس کے جلال سے فرشتے بھی ڈرتے ہیں۔ وہ شوخی اور چالاکی کو پسند نہیں کرتا اور ڈرنے والوں پر رحم کرتا ہے سو اس سے ڈرو اور ہر ایک بات سمجھ کر کہو۔ تم اُس کی جماعت ہو جن کو اُس نے نیکی کا نمونہ دکھانے کے لئے چُنا ہے۔ سو جو شخص بدی نہیں چھوڑتا اور اس کے لب جھوٹ سے اور اس کا دل ناپاک خیالات سے پرہیز نہیں کرتا وہ اس جماعت سے کاٹا جائے گا۔ اے خدا کے بندو! دلوں کو صاف کرو اور اپنے اندرونوں کو دھوڈالو تم نفاق اور دورنگی سے ہر ایک کو راضی کر سکتے ہو مگر خدا کو اس خصلت سے غضب میں لاؤ گے اپنی جانوں پر رحم کرو اور اپنی ذرّیت کو ہلاکت سے بچاؤ۔ کبھی ممکن ہی نہیں کہ خدا تم سے راضی ہو حالانکہ تمہارے دل میں اس سے زیادہ کوئی اور عزیز بھی ہے۔ اس کی راہ میں فدا ہو جاؤ اور اس کے لئے محو ہو جاؤ اور ہمہ تن اس کے ہو جاؤ۔ اگر چاہتے ہو کہ اسی دنیا میں خدا کو دیکھ لو۔ کرامت کیا چیز ہے؟ اور خوارق کب ظہور میں آتے ہیں؟ سو سمجھو اور یاد رکھو کہ دلوں کی تبدیلی آسمان کی تبدیلی کو چاہتی ہے۔ وہ آگ جو اخلاص کے ساتھ بھڑکتی ہے وہ عالم بالا کو نشان کی صورت پر دکھلاتی ہے ......

وہ کرامت جو خدا کا جلال اور چمک اپنے ساتھ رکھتی ہے اور خدا کو دکھلا دیتی ہے وہ خدا کی ایک خاص نصرت ہوتی ہے جو اُن بندوں کی عزت زیادہ کرنے کے لئے ظاہر کی جاتی ہے جو حضرت احدیّت میں جان نثاری کا مرتبہ رکھتے ہیں‘‘

(راز حقیقت روحانی خزائن جلد ۱۴ صفحہ ۱۵۶، ۱۵۷ جدید ایڈیشن)

xxxxx(x)xxxxx

جلسہ سالانہ کی یادیں

اشاعت دین کے لئے جماعت احمدیہ کی جانفشانی

تقریر حضرت مرزا طاہر احمد صاحب (خلیفۃ المسیح الرابعؒ)
(بر موقع جلسہ سالانہ ۱۹۷۵ء)
نوٹ: اس تقریر کا ایک حصہ جو مالی قربانیوں سے تعلق رکھتا ہے وہ شائع کیا جا رہا ہے

اس کی ابتداء کس طرح ہوئی؟ سب سے پہلے تو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام ہی ہیں اپنے آپ کو خدا کے سپرد کرنے والے۔ آپ کے غلاموں میں سے اللہ تعالیٰ نے حضرت خلیفۃ المسیح الاول کو یہ توفیق عطا فرمائی۔ آپ یہ ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''خدا تعالیٰ کے فضل و کرم نے مجھے اکیلا نہیں چھوڑا۔ میرے ساتھ تعلق اخوت پکڑنے والے اور اس سلسلہ میں داخل ہونے والے جس کو خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے قائم کیا ہے، محبت اور اخلاص کے رنگ سے ایک عجیب طرز پر رنگین ہیں۔ نہ میں نے اپنی محنت سے بلکہ خدا تعالیٰ نے اپنے خاص احسان سے یہ صدق سے بھری ہوئی روحیں مجھے عطا کی ہیں۔''

(فتح (......)، روحانی خزائن جلد ۳ صفحہ:۳۵)

اور پھر ذکر کرتے ہوئے آگے فرماتے ہیں کہ ان میں سے ایک خاص روح کا ذکر کرتا ہوں اور وہ حضرت خلیفۃ المسیح الاول حضرت حکیم مولوی نور الدین (......) تھے۔ آپ کے خط کا اقتباس حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام پیش کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ دیکھو انکے اخلاص کا نمونہ انہوں نے مجھے لکھا:

''مولانا۔ مرشدنا۔ امامنا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ عالی جناب میری دعا یہ ہے کہ ہر وقت حضور کی جناب میں حاضر رہوں اور امام زمان سے جس مطلب کے واسطے وہ مجدد کیا گیا وہ مطالب حاصل کروں۔ اگر اجازت ہو تو میں نوکری سے استعفیٰ دے دوں اور دن رات خدمت عالی

میں پڑا رہوں یا اگر حکم ہو تو اس تعلق کو چھوڑ کر دنیا میں پھروں اور لوگوں کو دین حق کی طرف بلاؤں اور اسی راہ میں جان دوں ۔ میں آپ کی راہ میں قربان ہوں ۔ میرا جو کچھ ہے میرا نہیں آپ کا ہے ۔ حضرت پیرو مرشد میں کمال راستی سے عرض کرتا ہوں کہ میرا سارا مال و دولت اگر دینی اشاعت میں خرچ ہو جائے تو میں مراد کو پہنچ گیا ۔''

(فتح (......) روحانی خزائن جلد ۳ صفحہ:۳۶)

یہ جو بارش کا ابتدائی قطرہ تھا، خدا کے فضلوں کا جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعاؤں کے طفیل اس دنیا کی اصلاح کے لئے نازل ہوا۔ پھر یہ بارش شدت اختیار کر گئی اور بڑی کثرت سے خدا نے خدا کی راہ میں قربانی کرنے والے سعید فطرت انسان مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو عطا کئے ۔ جماعت احمدیہ کی قربانیوں کا ذکر بہت ہی طویل ذکر ہے

خلاصۃً میں نے صرف چند مثالیں چنی ہیں، مختلف انواع کی جو میں آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔

قرآن کریم نے ابراہیمی قربانیوں کا وہ رنگ جو محمد مصطفیٰ ﷺ اور آپؐ کے ماننے والوں نے اختیار کیا تھا، اسکا بار ہا ذکر فرمایا ہے اور حدیث نبویہ اور تاریخ میں بھی بکثرت اسکی مثالیں ملتی ہیں۔ ایک چیز جو بڑی اہم ہے قربانیوں کے لئے قرآن کریم اسکا ذکر کرتے ہوئے فرماتا ہے:

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ (آل عمران:۹۳)

خدا کی راہ میں ادنیٰ اور گھٹیا چیز نہیں ندا کیا کرتے ۔ جو بہترین تمہارا ہے جب تک تم وہ خدا کی راہ میں نہ دو گے تم حقیقی نیکی کو نہیں پا سکتے ۔

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے زمانے میں جماعت نے جو مالی قربانی کا آغاز کیا اس میں بکثرت ایسی مثالیں ملتی ہیں اور بعد میں پھر بہت ہی زیادہ ہو گئیں کہ جماعت احمدیہ کی عورتوں نے جن کو سب سے زیادہ پیاری چیز زیور ہوتا ہے وہ اس طرح پھینکا ہے خدا کی راہ میں کہ اس کی کوئی حقیقت نہیں تھی، ان کی نظر میں ذرہ بھی وقعت نہیں رکھتا تھا۔ اس کا قبول کئے جانا وقعت رکھتا تھا اس کا گلے کا زیور بننا کوئی وقعت نہیں رکھتا تھا اور اس میں آغاز سب سے پہلے حضرت اماں جان (......) سے ہوتا ہے۔

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ایک دفعہ جلسہ سالانہ پر ضرورت پیش آئی ۔ آجکل تو لاکھوں مہمان کھاتے ہیں اور جماعت کو پتہ بھی نہیں لگتا۔ اس سے بھی زیادہ آئیں تب بھی جماعت برداشت کر سکتی ہے ۔ وہ ابتدائی دور ایسا تھا کہ ایک موقع پر جلسہ سالانہ کے مہمان آئے اور ان کے لئے سالن کے پیسے نہیں تھے ۔ حضرت میر ناصر نواب صاحب نے عرض کیا حضورؑ سے کہ حضور! کیا کیا جائے ، سالن کے پیسے نہیں ہیں؟ آپؑ نے اماں جان کا ذکر کر کے فرمایا کہ بیوی صاحبہ سے جا کے انکا زیور لے آؤ اور فروخت کر کے پیسوں کا انتظام کرو۔ چنانچہ وہ زیور پہلا جو خدا کی راہ میں خیرات کیا گیا اس دور میں وہ

حضرت اماں جان کا تھا۔آپ نے وہ زیور فروخت کیا اور رات مہمانوں نے سالن کھایا۔

(رفقاء) احمد جلد ۴ صفحہ:۱۰۸)

ان کو کیا پتہ تھا کہ یہ کیسا مبارک اور کیسا مقدس سالن ہے جو آج کھایا جا رہا ہے۔

دوسرا اسی غلام نے جس نے یہ روایت کی ہے، حضرت منشی ظفر احمد صاحب، انہوں نے خود یہ رنگ پکڑا۔

حضرت مسیح موعودؑ کو اشتہار کے لئے ضرورت پیش آئی ساٹھ روپے کی اور مثال سامنے تھی۔گھر گئے جماعت سے ذکر بھی نہیں کیا اور اپنی بیوی کا زیور لیکر فروخت کیا اور ساٹھ روپے حضرت مسیح موعودؑ کی خدمت میں پیش کر دیئے۔

(رفقاء) احمد جلد ۴ صفحہ:۵۷،۵۸)

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے اسی مثال کو زندہ کرتے ہوئے اپنے گھر میں بھی جاری فرمایا اور پھر جماعت میں تو اس کثرت سے یہ مثالیں پھیل گئیں کہ انکا ذکر تفصیل کے ساتھ ہو ہی نہیں سکتا۔اخبار الفضل جاری کرنا تھا۔آج جو آپ پڑھتے ہیں بڑے شوق اور محبت کے ساتھ،کوئی پیسہ پاس نہیں تھا،کوئی مددگار ایسا نہیں تھا جو اتنی رقم خرچ کر سکے۔اپنی پہلی حرم حضرت سیدہ امّ ناصر کے پاس گئے اور انکا جو کچھ زیور تھا یہاں تک کہ اپنی بچی ناصرہ بیگم کے لئے جو انہوں نے زیور رکھا ہوا تھا وہ بھی انہوں نے لے لیا اور یہ سارے کا سارا فروخت کر کے آپ نے الفضل کو جاری کیا۔حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں کہ ہمیشہ مجھے یہ قربانی یاد رہتی ہے اور میرے دل میں ہمیشہ اس قربانی کی وجہ سے انکا بڑا بھاری احترام رہتا ہے کہ جماعت کی ایک عظیم الشان ضرورت کو پورا کیا جو قیامت تک کے لئے دور رس نتائج رکھتی ہے۔

(سوانح فضل عمر جلد ۱ صفحہ:۲۳۹،۲۴۰)

اب یہ تو ہیں چند ابتدائی ذکر اب سنئے کہ ساری جماعت کی عورتیں کس طرح اس راہ میں اپنی جانیں اور زیور فدا کرتی رہیں۔**(بیت)** برلن کی تحریک ہوئی۔حضرت خلیفۃ المسیح الثانی اس کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

”قادیان سے باہر کے خاص چندوں میں سب سے اول نمبر پر کپتان عبد الکریم صاحب ہیں،سابق کمانڈر انچیف ہیں یہ،ان کی اہلیہ کا چندہ جنہوں نے اپنا کل زیور اور اعلیٰ کپڑے قیمتی خدا کی راہ میں دے دیئے،ڈیڑھ ہزار روپے بنا۔یہ دے کر انہوں نے ایک نیک مثال قائم کی ہے۔اسی قسم کے اخلاص کی دوسری مثال چوہدری محمد حسین صاحب صدر قانون گو سیالکوٹ کے خاندان کی ہے۔انکی بیوی،بھاوج،بہو نے اپنے زیورات قریباً سب کے سب اس چندے میں دے دیئے جنکی قیمت اندازاً دو ہزار روپے تک پہنچی۔تیسری مثال اسی قسم کے اخلاص کے نمونے کی سیٹھ ابراہیم صاحب کی صاحبزادی کی ہے۔اس مخلص بہن نے اپنے کل زیورات جو اندازاً ایک ہزار روپے کی قیمت کے ہوں گے چندے میں دے دیئے۔چوتھی مثال اعلیٰ درجہ کے اخلاص کی خان بہادر محمد علی خان اسسٹنٹ پولیس پولیٹیکل آفیسر چکدرہ کی ہے انکی اہلیہ اور دختر نے اپنا زیور جسکی

قیمت اندازاً ایک ہزار روپیہ تھی، چندہ میں دیا۔ خان بہادر صاحب کی اہلیہ نے تو اپنی مرحومہ دختر کا زیور بھی جو انہوں نے بطور یادگار رکھا ہوا تھا وہ بھی اس راہ میں فدا کر دیا۔ پانچویں مثال میاں عبداللہ سنوری ریاست پٹیالہ کی بیوی اور بیٹی اور بہو کی ہے جنہوں نے بہت محدود ذرائع آمد کے باوجود دو سو روپے سے اوپر چندہ بصورت نقد اور زیور دے دیا۔''

(الفضل یکم مارچ ۱۹۲۳ء)

پھر آپ فرماتے ہیں:

''کہ یہ بھی ایمان کی علامت ہے کہ کئی لوگ لکھ رہے ہیں کہ آپ دعا فرمائیں کہ میری بیوی چندہ دینے میں کمزوری نہ دکھا جائے۔ پھر بعض لکھ رہے ہیں کہ وفات یافتہ بیوی کی طرف سے بھی چندہ دینے کی اجازت دی جائے۔ غرض یہ ایسا نظارہ ہے کہ جو اپنی نظیر نہیں رکھتا اور جس کا نمونہ صحابہ رضوان اللہ علیہم کے زمانہ میں ہی پایا جاتا تھا۔''

حضرت منشی امام الدین صاحب ابتدائی **(رفقاء)** میں سے تھے۔ جب **(بیت) فضل** لندن کی تحریک ہوئی تو ان کی بیوی نے صرف ایک زیور والدہ مرحومہ کی نشانی کے طور پر جو رکھا ہوا تھا وہ رکھ کر باقی سارا زیور اپنی خوشی سے پیش کر دیا۔ اہلیہ ڈاکٹر عبدالستار شاہ صاحب نے لندن **(بیت الذکر)** کے لئے دس اشرفیاں دیں۔ یہ اہلیہ ڈاکٹر عبدالستار شاہ صاحب مرحوم میری نانی تھیں اور مجھے یقین ہے کہ یہ سب لوگ جو اپنے والدین کا یا دادیوں کا یا نانیوں کا ذکر پڑھ رہے ہوں گے، سن رہے ہوں گے یا پڑھتے ہوں گے، انکے فخر کی اصل وجہ یہ ہوگی، یہ نہیں کہ وہ خاندان کتنا اونچا تھا، یہ نہیں کہ انکے پاس اموال کتنے تھے بلکہ ہمیشہ انکے لئے فخر کا معیار اب یہ بن جائے گا کہ ہماری نانی نے یہ دے دیا، ہماری دادی نے یہ دے دیا، ہمارے نانا نے یہ قربان کیا، ہمارے دادا نے یہ قربان کیا۔ تو یہ جو فخر ہے کہ انہوں نے دس اشرفیاں میری امی مرحومہ کی شادی کے لئے رکھی ہوئی تھیں وہ انہوں نے اس راہ میں قربان کر دیں۔ حضرت مصلح موعود نے فرمایا:

''مرد اور عورت اور بچے سب ایک خاص نشۂ محبت میں چور نظر آتے تھے۔ کئی عورتوں نے اپنے زیور اتار دیئے اور بہتوں نے ایک دفعہ چندہ دے کر پھر دوبارہ جوش آنے پر اپنے بچوں کی طرف سے چندہ دینا شروع کیا۔ پھر بھی جوش کو دبتا نہ دیکھ کر اپنے وفات یافتہ رشتہ داروں کے نام سے چندہ دیا۔''

(تواریخ (بیت) فضل لندن صفحہ:۲۲)

یہ تو قادیان کے قرب و جوار کا حال تھا۔ دور کی جماعتیں بھی خدا کے فضل سے یہ نمونے دیکھ کر اسی طرح آگے بڑھیں۔ میں چند مثالیں پیش کر رہا ہوں سینکڑوں، ہزاروں مثالیں ہیں جن میں سے صرف چند ایک اختیار کی گئیں ہیں۔

ڈاکٹر شفیع احمد صاحب محقق دہلوی ایڈیٹر روزنامہ ''اتفاق'' دہلی لکھتے ہیں۔ کس تفصیل سے عورتوں نے قربانیاں دی ہیں وہ اندازہ کیجئے:

''جمعہ کی نماز جماعت دہلی خاکسار کے دفتر میں پڑھتی ہے جو اب سڑک واقع ہے۔ گزشتہ

جمعہ کو خطیب نے حضرت اقدس کا خطبہ جو الفضل میں چھپا ہوا تھا سنایا۔ یہاں سوائے میری اہلیہ کے باقی تمام مرد تھے اور میں یہ سوچ رہا تھا کہ بیگم سے نماز کے بعد کہوں گا کہ **(بیت الذکر)** کے لئے آپ اپنی پازیب دے دیں (جو پاؤں کا زیور ہوتا ہے) کہ اتنے میں دروازہ کی کھٹکھٹاہٹ میرے کان میں آئی اور میں گھر میں گیا جہاں وہ مصلے پر بیٹھی ہوئی خطبہ سن رہی تھیں اور انکی آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔ کچھ بات نہیں کی اور اپنے گلے سے پنج لڑا طلائی ہار جو غالباً تین سو روپے کا تھا مجھے دے دیا۔''

(سوانح فضل عمر جلد ۲ صفحہ: ۳۵۱)

مردوں کی قربانیاں بھی کسی سے پیچھے نہیں تھیں۔ وہ میدان جہاد میں تو دیں، اس کا بعد میں ذکر آئے گا لیکن مالی قربانی میں بھی مرد کسی سے پیچھے نہیں رہے تھے۔ ان میں ایسے بھی تھے کہ جو نہایت کمزور حالت میں تھے۔ جن کے پاس کچھ بھی نہیں تھا دینے کے لئے یا بہت تھوڑا اندوختہ تھا وہ سب انہوں نے خدا کی راہ میں فدا کر دیا۔

قرآن کریم ایسے لوگوں کا ذکر کرتے ہوئے فرماتا ہے

وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ (الحشر:۱۰)

کہ میرے بندوں کا یہ حال ہے کہ صرف یہی نہیں کہ امیر ہی ہوں تو خدا کی راہ میں دیتے ہیں زیور والے ہی نہیں صرف قربانیاں کرتے۔ جن کے پاس کچھ بھی نہیں ہوتا وہ بھی جو کچھ بھی حاصل کر سکتے ہیں وہ پیش کر دیتے ہیں خدا کی راہ میں

حضرت خلیفۃ المسیح ایسے لوگوں کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''ایسے ایسے لوگوں نے اس میں حصہ لیا ہے کہ دیکھ کر حیرت ہوتی ہے۔۔۔۔۔ ایک خاصی تعداد ایسے لوگوں کی ہے جنہوں نے اپنی حیثیت اور طاقت سے زیادہ حصہ لیا ہے۔ بعض لوگ تو ایسے ہیں جنہوں نے اپنا سارا اندوختہ دے دیا ہے۔ بعض ایسے ہیں جنکی چار چار پانچ پانچ روپیہ کی آمدنیاں ہیں اور انہوں نے کمیٹیاں ڈال کر اس میں حصہ لیا۔ یا کوئی جائیداد فروخت کر کے جو کچھ جمع کیا ہوا تھا وہ سب کا سب دے دیا ہے۔''

(خطبہ جمعہ فرمودہ ۱۴ دسمبر ۱۹۳۴ء بحوالہ تاریخ احمدیت جلد ۸ صفحہ ۳۹)

فرماتے ہیں:

''بعض مخلص ایسے بھی تھے جنہوں نے اپنا سارا کا سارا اندوختہ دے دیا تھا۔ ایک نے لکھا دوسرے سال میں نے شرم کی وجہ سے بتایا نہیں تھا۔ میں نے اپنی کچھ اشیاء بیچ کر چندہ دیا تھا۔ پھر تیسرے سال سب کچھ بیچ کر چندہ دے چکا ہوں۔''

(تقریر فرمودہ ۲۷ دسمبر ۱۹۴۳ء بحوالہ تاریخ احمدیت جلد ۸ صفحہ: ۳۸،۳۷)

ہمارے سیالکوٹ کے ایک دوست مزدور ہوتے تھے ایک زمانے میں۔ یہاں آج سٹیج پر بیٹھے ہیں ابھی ملاقات ہوئی ہے، مزدوری کرتے تھے، اتفاق سے مہینہ بھر سے انکی مزدوری نہیں ملی تھی۔ تحریک جدید کا جب آغاز ہوا اور انہوں نے دیکھا کہ لوگ کس طرح قربانیاں کر رہے ہیں۔ حسن اتفاق سے اس سے ذرا پہلے ان کو بارہ دن کی مزدوری ملی تھی اور تیس روپے کل ہوئے تھے۔ دل چاہتا تھا دوسرے گھر میں فاقے اور کمزوری کی حالت تھی۔ آخر انہوں نے یہ کہا اپنے دل پر جبر کر کے کہ میں یہ سمجھوں گا میں دس دن پیدا ہی نہیں ہوا تھا اور پہلے دس دن کی مزدوری میں خدا کی راہ میں دے دیتا ہوں۔ چنانچہ دس دن کے جو پچیس روپے بنے وہ انہوں نے خدا کی راہ میں دے دیئے اور دو دن کی مزدوری گھر میں رکھ لی۔ اللہ کا فضل پھر ان پر ایسا نازل ہوا کہ آج ان کا اکیلے کا تحریک جدید کا سالانہ چندہ اٹھارہ سو روپے ہے۔

اب سنیئے کمزور، غریب اور لاچار عورتوں کی قربانیاں جن کے پاس زیور نہیں تھے۔ ایک غریب اور ضعیف بیوہ جو افغانستان کی مہاجرہ تھی اور سوٹی لیکر بمشکل چل سکتی تھی۔ خود چل کر آئی اور حضور کی خدمت میں دو روپے پیش کر دیئے۔ اس کا ذکر حضرت صاحب نے خود اپنے الفاظ میں بعد میں کیا ہے۔ پھر کئی ایسی عورتیں تھیں، بیوہ عورتیں جو بعض یتیم بچوں کو بھی مزدوری کر کے پال رہی تھیں مزدوری کر کے۔ انکے پاس جو کچھ تھا وہ انہوں نے خدا کی راہ میں پیش کر دیا۔

ایک عورت جس کے پاس تھوڑا سا زیور تھا وہ اس نے دیا پھر تسلی نہ ہوئی دوبارہ گھر گئی جو برتن تھے وہ لے آئی اور وہ بھی حاضر کر دیئے۔ اس کے خاوند نے کہا کہ زیورات دے چکی ہے یہی کافی ہیں۔ اس نے کہا خدا کی قسم میرے دل میں اتنا جوش ہے کہ بس چلے تو تجھے بھی بیچ کر سب کچھ خدا کی راہ میں دے دوں۔ یہ وہ کیفیت تھی غربا عورتوں کی۔ دل ٹھنڈے ہی نہیں ہوتے تھے، دیتے چلے جاتی تھیں۔ برتن بیچ کے لیکن تسلی نہ ہوئی۔ کہا خدا کی قسم اے خاوند! میں تجھے بھی بیچ کر اپنا جو کچھ ہے خدا کی راہ میں دینے کو تیار ہوں۔ ایک غریب بھاگلپوری عورت تھی دو بکریاں تھیں صرف اس کے پاس۔ دو بکریاں ہانکتی ہوئی حضرت خلیفۃ المسیح کی خدمت میں پہنچی کہ حضور یہ دو بکریاں ہی ہیں ان کو قبول کر لیں۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی (.....) لکھتے ہیں:

> ''ایک پٹھان عورت جو نہایت غریب، چلتے وقت بالکل پاس پاس قدم رکھ کر چلتی ہے۔ میرے پاس آئی اور اس نے دو روپے میرے ہاتھ پر رکھ دیئے۔ اس کی زبان پشتو ہے اردو کے چند الفاظ ہی بول سکتی ہے۔ اپنی ٹوٹی پھوٹی زبان میں اپنے ایک ایک کپڑے کو ہاتھ لگا کر کہا کہ یہ دوپٹہ دفتر کا ہے یعنی بیت المال نے مجھے صدقہ میں دیا ہے۔ یہ پاجامہ دفتر کا ہے، یہ جوتی دفتر کی ہے، میرا قرآن بھی دفتر کا ہے۔ میرے پاس کچھ نہیں ہے۔ میری ہر چیز بیت المال سے ملی ہوئی ہے۔ یہ دو روپے جو میرا سرمایہ حیات ہیں میں حضور کی خدمت میں پیش کرتی ہوں اسے قبول فرمائیں۔''

حضرت صاحب فرماتے ہیں:

''اس کا ایک ایک لفظ ایک طرف میرے دل پر نشتر کا کام کر رہا تھا۔ دوسری طرف میرا دل اس محسن کے احسان کو یاد کر کے جس نے ایک مردہ قوم میں سے ایسی زندہ سرسبز روحیں پیدا کر دیں، شکر و امتنان کے جذبات سے لبریز ہو رہا تھا اور میرے اندر سے یہ آواز آرہی تھی کہ خدایا تیرا یہ مسیح کس شان کا تھا جس نے ان پٹھانوں کی جو دوسروں کا مال لوٹ لیا کرتے تھے کس طرح کایا پلٹ دی کہ وہ تیرے دین کے لئے اپنی مِلک اور اپنے عزیز اور اپنے مال قربان کر دینے کو نعمت تصور کرتے ہیں۔''

(سوانح فضل عمر جلد ۲ صفحہ: ۳۴۹، ۳۵۰)

یہ تو قربانیوں کے چند نمونے ہیں۔ اموال، زیورات کی اور بڑی بڑی جائیدادوں کی قربانیاں ہوں یا پھٹے پرانے کپڑوں کی، بکریوں کی قربانیاں ہوں۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ ابتدائی قربانیاں ہمیشہ کے لئے تاریخ احمدیت کا سرمایہ رہیں گی۔ کروڑوں روپے تک اگر ہمارا چندہ پہنچ چکا ہے۔ وہ دن آئیں گے اور دور نہیں کہ اربوں سے زیادہ آپ کا چندہ ہوگا لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ خدا کی محبت اور پیار کی نظریں ان دو بکریوں کی مالکہ پر ہمیشہ پڑتی رہیں گی۔ اس غریب پٹھانی کو خدا کا پیار ہمیشہ نوازتا رہے گا اور اس کے مقابل پر ان کروڑوں اور اربوں کی کوئی حیثیت نہیں ہوگی جس کا جو کچھ تھا وہ صدقے میں تھا اس میں سے بھی جو کچھ اس نے بچایا وہ خدا کے حضور پیش کر دیا۔ لیکن یہ ایک یا دو یا تین مثالوں کی بات نہیں ہے۔ میں نے بڑی مشکل سے وقت کے لحاظ سے چند مثالیں چنی ہیں۔ ہزارہا، لاکھوں مثالیں ایسی قربانیوں کی ہیں جن کا ذکر تاریخ احمدیت میں بھی نہیں ملے گا۔ کسی لکھی ہوئی کتاب میں آپ کو نظر نہیں آئے گا مگر خدا کے علم میں وہ باتیں ہیں جنہوں نے خفیہ طور پر، چھپ چھپ کر خدا کے حضور اپنی جان اور مال نثار کیا''۔ (خطابات طاہر۔ تقاریر جلسہ سالانہ قبل از خلافت صفحہ نمبر 258 تا 266)

☆☆☆☆

بہت بڑا علم کا خزانہ

پس ہر احمدی کو اس بات کی فکر کرنی چاہیے کہ وہ خود بھی اور اس کے بیوی بچے بھی قرآن کریم پڑھنے اور اس کی تلاوت کرنے کی طرف توجہ دیں۔ پھر ترجمہ پڑھیں پھر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تفسیر پڑھیں۔ یہ تفسیر بھی تفسیر کی صورت میں تو نہیں لیکن بہرحال ایک کام ہوا ہے کہ مختلف کتب اور خطابات سے ملفوظات سے حوالے اکٹھے کر کے ایک جگہ کر دیئے گئے ہیں۔ اور یہ بہت بڑا علم کا خزانہ ہے۔ اگر ہم قرآن کریم کو اس طرح نہیں پڑھتے تو فکر کرنی چاہئے اور ہر ایک کو اپنے بارے میں سوچنا چاہیے کہ کیا وہ احمدی کہلانے کے بعد ان باتوں پر عمل نہ کر کے احمدیت سے دور تو نہیں جا رہا۔

(خطبہ جمعہ فرمودہ 24 ستمبر 2004 مطبوعہ الفضل انٹرنیشنل 8 /اکتوبر 2004ء صفحہ 6 کالم 1)

قیادت تعلیم

مجلس انصار اللہ پاکستان - ربوہ

مقابلہ مقالہ نویسی بعنوان ''تقوٰی''

برائے مجلس انصار اللہ پاکستان

قواعد، ذیلی عناوین وامدادی کتب

2009-10ء

قواعد:

☆ عنوان مقالہ ''**تقوٰی**''

☆ **مقالہ کے الفاظ 60ہزار سے کم اور ایک لاکھ بیس ہزار سے زائد نہ ہوں۔ ایسے مقالہ جات مقابلہ میں شریک نہ کئے جائیں گے جن کے الفاظ کی تعداد 60ہزار سے کم اور ایک لاکھ بیس ہزار سے زائد ہوگی۔**

☆ **مقالہ نگار اپنے الفاظ کی تعداد کو مقالہ کے ٹائٹل صفحہ پر نمایاں طور سے تحریر کریں۔**

☆ جن کتب کا حوالہ دیا جائے اُن کے مصنفین، کتاب کا نام، ایڈیشن، مطبع، سنِ اشاعت، جلد وصفحہ نمبر درج کیا جائے۔ اور حوالہ جات کو درست اور نمایاں طور سے تحریر کیا جائے۔

☆ کاغذ کے ایک طرف صاف اور خوشخط تحریر کریں۔ مقالہ کے دائیں طرف حاشیہ ضرور چھوڑیں۔

☆ مقالہ جمع کرانے کی آخری تاریخ 30 **ستمبر 2010ء** ہے۔ مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والے مقالہ جات مقابلہ میں شریک نہ کئے جائیں گے۔

☆ **مقالہ نگار پہلے صفحہ پر مقالے کا عنوان، اپنا مکمل نام بمعہ ولدیت، مکمل پوسٹل ایڈریس بمعہ فون نمبرز، اپنی تنظیم اور مجلس کا نام نمایاں طور پر تحریر کریں۔**

☆ اس مقابلہ میں مجلس انصار اللہ پاکستان کے اراکین شریک ہوں گے۔

☆ مجلس انصار اللہ پاکستان کے اراکین اپنے مقالہ جات براہ راست قیادت تعلیم مجلس انصار اللہ پاکستان (ربوہ) کو بھجوائیں۔

☆ مقالہ لکھنے والے اراکین کی راہنمائی کے لئے ذیلی عناوین اور امدادی کتب کی فہرست دی جا رہی ہے۔ تاہم مقالہ نویس ان کتب کے علاوہ مزید کتب سے بھی استفادہ کر سکتے ہیں۔ **مقالہ تحریر کرتے وقت قیادت تعلیم کی**

طرف سے دیئے گئے **ذیلی عناوین کی پابندی لازمی ہے۔**

☆ مقالہ نویس مقالہ مرکز میں جمع کروانے سے قبل ایک کاپی اپنے پاس رکھ لیں۔ مرکز میں جمع شدہ مقالہ واپس نہیں دیا جائے گا۔

☆ **مقالہ نویس اراکین کے لئے تمام قواعد کی پابندی لازمی ہے۔**

☆ **انعامات کی تفصیل درج ذیل ہے:**

اوّل :	سیٹ روحانی خزائن	+ سند امتیاز	+	**25** ہزار روپے نقد
دوم :	سیٹ تفسیر کبیر	+ سند امتیاز	+	**15** ہزار روپے نقد
سوم:	سیٹ انوار العلوم	+ سند امتیاز	+	**10** ہزار روپے نقد

ان **تین انعامات** کے علاوہ **دس انعامات** حُسن کارکردگی کی بناء پر **اگلی دس پوزیشنز** حاصل کرنے والوں کو **انعامی کتب اور سند امتیاز** کی صورت میں دیئے جائیں گے۔ اس کے علاوہ مقابلہ میں شرکت کرنے والوں کو **سند شرکت** بھی دی جائے گی۔

ذیلی عناوین:

1- تقویٰ کے لغوی واصطلاحی معنی۔
2- تقویٰ۔ قرآن کریم کی روشنی میں۔
3- تقویٰ۔ احادیث کی روشنی میں۔
4- تقویٰ کی اہمیت وضرورت۔
5- قرآنی علوم کے انکشاف کے لئے تقویٰ کی اہمیت۔
6- تقویٰ کے حصول کے ذرائع۔
7- تقویٰ کے حصول کی شرائط۔
8- تقویٰ کے درجات۔
9- تقویٰ کی باریک راہیں۔
10- تقویٰ اعمال کی سچائی جانچنے کا معیار۔
11- تقویٰ ہر فتنہ سے محفوظ رکھنے کے لئے حصن حصین۔
12- تقویٰ کی برکات۔

13- اہلِ تقویٰ کی صفات۔
14- تقویٰ سے متعلق آنحضرتؐ، خلفائے راشدینؓ اور آپ کے صحابہؓ کے عملی نمونے۔
15- تقویٰ کے بارہ میں حضرت مسیح موعودؑ کے ارشادات۔
16- تقویٰ سے متعلق حضرت مسیح موعودؑ اور آپ کے رفقاء کے عملی نمونے۔
17- تقویٰ کے بارہ میں خلفائے احمدیت کے ارشادات۔

امدادی کتب:

1- قرآن کریم۔
2- کتب احادیث: صحاح ستہ۔ حدیقۃ الصالحین۔ ریاض الصالحین
3- کتب لغت۔ (المنجد۔ لسان العرب۔ مفردات امام راغب۔ اردو جامع انسائیکلو پیڈیا از مولانا حامد علی خان صاحب)
4- تفسیر بیان فرمودہ حضرت مسیح موعودؑ
5- روحانی خزائن حضرت مسیح موعودؑ
6- ملفوظات حضرت مسیح موعودؑ
7- مجموعہ اشتہارات حضرت مسیح موعودؑ
8- مکتوبات احمد حضرت مسیح موعودؑ
9- مرزا غلام احمد قادیانی اپنی تحریروں کی رو سے سید داؤد احمد صاحب
10- حقائق الفرقان حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل
11- خطبات نور حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل
12- تفسیر صغیر + تفسیر کبیر مکمل حضرت مصلح موعود
13- خطبات محمود حضرت مصلح موعود
14- انوار العلوم حضرت مصلح موعود
15- تحریک جدید ایک الٰہی تحریک حضرت مصلح موعود
16- الاظہار لذوات الخمار حضرت مصلح موعود

17- خطبات ناصر — حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ

18- المصابیح — حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ

19- خطبات طاہر — حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ

20- خطبات طاہر (عیدین) — حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ

21- خطابات طاہر (تقاریر جلسہ سالانہ قبل از خلافت) — حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ

22- خطبات مسرور — حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

23- شرائط بیعت اور احمدی کی ذمہ داریاں۔ — حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

24- مشعل راہ — شائع کردہ مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

25- مضامین بشیر — حضرت مرزا بشیر احمد صاحب

26- سیرت المہدی — مرتبہ حضرت مرزا بشیر احمد صاحب

27- رفقائے احمد — ملک صلاح الدین صاحب (شائع کردہ مجلس انصاراللہ پاکستان)

28- 700 احکام خداوندی — مرتبہ: حنیف احمد محمود صاحب

29- لباس — از حنیف احمد محمود صاحب

مضامین الفضل:

7 اگست 2007ء	15 ستمبر 2008ء	31 جنوری 2002ء	24 مارچ 2003ء
28 جون 2007ء	8 اپریل 2008ء	2 فروری 2002ء	7 اپریل 2003ء
17 جون 2008ء	23 فروری 2008ء	6 مارچ 2002ء	11 اپریل 2003ء
27 فروری 2008ء	25 جون 2008ء	25 اپریل 2002ء	30 جولائی 2003ء
22 دسمبر 2008ء	19 دسمبر 2008ء	5 اگست 2002ء	31 جولائی 2003ء
31 جولائی 2008ء	7 فروری 2005ء	19 مئی 2005ء	10 نومبر 2003ء
7 مارچ 2008ء	17 مئی 2005ء	29 مئی 2005ء	10 دسمبر 2003ء
یکم ستمبر 1914ء	22 ستمبر 1964ء	26 اپریل 2003ء	16 اپریل 1998ء

20اپریل1938ء	21اکتوبر1942ء	21مئی1999ء	6جنوری2001ء
24،25جولائی1964ء	30جون1951ء	21اگست1999ء	23اگست2003ء
8جون1964ء	16فروری1933ء	11جنوری2003ء	یکم جنوری2000ء
30، 31مارچ،12اپریل1961ء	3نومبر1943ء	5جولائی2003	28جنوری1999ء
26نومبر1958ء	19نومبر1943ء	یکم جنوری2001ء	8جولائی2000ء
13ستمبر1964ء	25فروری1964ء	5جنوری2001ء	9دسمبر2000ء
26اکتوبر1940ء	23اکتوبر1999ء	23اپریل2001ء	6جنوری2001ء
19جون1962ء	13جنوری2001ء	8جون2001ء	24نمبر2001ء
29جون2001ء	24ستمبر2001ء	6اکتوبر2001ء	4مارچ2000ء
یکم نومبر2001ء	14نومبر2001ء	10جنوری2003ء	

رسائل:

''ریویو آف ریلیجنز'' (اردو)۔''الفرقان''۔ماہنامہ:''انصاراللہ''۔''خالد''۔''مصباح''۔

ماہنامہ انصاراللہ نومبر 1964ء۔جنوری1969ء

ماہنامہ مصباح اپریل مئی 1985ء

اخبارات:

الحکم۔البدر۔الفضل۔الفضل انٹرنیشنل

رہنمائی برائے مقالہ نویسی:

مقالہ نویس حضرات کی رہنمائی اور سہولت کے پیش نظر قرآن مجید، حضرت مسیح موعودؑ کے فرمودات اور خلفائے سلسلہ عالیہ احمدیہ کے ارشادات جو اس مقالہ کے عنوان کے ضمن میں آتے ہیں ان کی نشاندہی کردی گئی ہے اور اس کا انڈیکس مہیا کیا جارہا ہے۔تاہم یہ انڈیکس حتمی نہیں۔مقالہ نویس حضرات اپنے علمی ذوق وشوق کے تحت ان کتب سے مزید استفادہ بھی کرسکتے ہیں نیز دیگر امدادی کتب سے بھی فائدہ اُٹھانے کی درخواست ہے۔

تقویٰ پر آیات:

البقرۃ: آیات نمبرز۔42,133,190,195,204,234,284,224,28,196,55,236,178,190,168,3,4,5 180,181,236,242,208,75

النساء: آیات نمبرز۔2,78,132,30,67,69 المائدۃ: آیات نمبرز۔101,36,106,89,4,5,6,7,8,95

الانفال: آیات نمبرز۔30,2,26,70
الزمر: آیات نمبرز۔47,11
الحجرات: آیات نمبرز۔14,2,3,4
الحجر: آیات نمبرز۔47,46
المؤمن: آیت نمبر۔59
الشمس: آیات نمبرز۔11,10,9
آل عمران: آیات نمبرز۔131,173,180,201,103
المومنون: آیت نمبر۔53
الشعراء: آیات نمبرز۔109,185
الکہف: آیت نمبر۔47
النجم: آیت نمبر۔33
صٓ: آیات نمبرز۔45,42
الحج: آیات نمبرز۔3,38
الروم: آیت نمبر۔32
الفرقان: آیت نمبر۔75
الفتح: آیت نمبر۔27
الصف: آیات نمبرز۔11,12,13,14
السجدہ: آیات نمبرز۔16,17
الرحمان: آیات نمبرز۔47,48
النّٰزعٰت: آیات نمبرز۔41,42

یٰسٓ: آیات نمبرز۔46,12
التغابن: آیت نمبر۔17
الاعراف: آیات نمبرز۔27,46,170,36
النحل: آیات نمبرز۔33,31
الفاطر: آیات نمبرز۔20,23,19,29
الاعلیٰ: آیات نمبرز۔15,16
التوبہ: آیات نمبرز۔36,19,109,110
المجادلہ: آیت نمبر۔10
الحشر: آیات نمبرز۔19,22
الاحزاب: آیات نمبرز۔34,36
المدثر: آیات نمبرز۔5,57
طٰہٰ: آیت نمبر۔133
القصص: آیت نمبر۔84
الزمر: آیت نمبر۔34
محمد: آیت نمبر۔18
العلق: آیات نمبرز۔12,13
الانبیاء: آیات نمبرز۔49,50
الاحقاف: آیات نمبرز۔14,15
الملک: آیت نمبر۔13

روحانی خزائن: حضرت مسیح موعودؑ

جلد2: صفحہ 36 (حاشیہ)　جلد7: صفحہ 86　جلد9: صفحہ 415، 446
جلد11: صفحہ 205　جلد14: صفحہ 342,154,155　جلد19: صفحہ 13,15,82,71
جلد20: صفحہ 307,130　جلد21: صفحہ 140,210,208　جلد21: صفحہ 209,23,18,315,17
جلد22: صفحہ 43 (حاشیہ)

ملفوظات: حضرت مسیح موعودؑ

جلد نمبر 1: صفحات نمبرز۔ 18,20,50,287,15,22,521,8,21,38,48,68,200,282,284,546,
535,12,544,577,512,304,398,536,8،282,114,151,539,6,22,23,99,28,525,14
99,171,200,512,45,49,511,527,576,151

جلد نمبر 2: صفحات نمبرز۔ 86,261,254,178,649, 603,285,177,648, 331,282,717, 680,558,
152,647

جلد نمبر 3: صفحات نمبرز۔ 486,502,571,74,116,630, 787,474,592,591,567,454,570,53,
217,568,22,90,602,182,484,164,112,100,83,626,82,206

جلد نمبر 4: صفحات نمبرز۔ 652,655,601,508,112,441,656,56,57,92,151,53,58

جلد نمبر 5: صفحات نمبرز۔ 130,606,70,477,280,67,201,18,121,398,477,122,609,607

خطبات نور: حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل

صفحات نمبرز۔ 86,238,42,2,273,276,58,191

تفسیر کبیر: حضرت مصلح موعود

جلد نمبر 1: صفحات نمبرز۔ 73,95,399,205,93,94,102,103,126,206,133,136,148,142

جلد نمبر 2: صفحات نمبرز۔ 351,414,439,119,436,377,531,657,423

جلد نمبر 3: صفحات نمبرز۔ 100,186,114 جلد نمبر 4: صفحہ نمبر۔ 264 جلد نمبر 5: صفحات نمبرز۔ 148,283

جلد نمبر 6: صفحات نمبرز۔ 57,23,46,22 جلد نمبر 7: صفحات نمبرز۔ 82,520,632,83

جلد نمبر 8: صفحات نمبرز۔ 488,50,51 جلد نمبر 10: صفحات نمبرز۔ 172,203,428

انوار العلوم: حضرت مصلح موعود

جلد نمبر 1: صفحات نمبرز۔ 373,375,377,6 جلد نمبر 3: صفحہ نمبر۔ 302 جلد نمبر 4: صفحہ نمبر۔ 48

جلد نمبر 9: صفحات نمبرز۔ 428,425,427,174 جلد نمبر 10: صفحہ نمبر۔ 285 جلد نمبر 11: صفحہ نمبر۔ 166

جلد نمبر 14: صفحہ نمبر۔ 357 جلد نمبر 15: صفحہ نمبر۔ 183 جلد نمبر 16: صفحہ نمبر۔ 294

جلد نمبر 17: صفحات نمبرز۔ 156,199,298,332,424 جلد نمبر 18: صفحہ نمبر۔ 591

تحریک جدید ایک الٰہی تحریک: حضرت مصلح موعود

جلد نمبر 1: صفحات نمبرز۔ ,235,203,171,150,149,118,104,663,648,615,504,455,442
351,333

جلد نمبر 2: صفحات نمبرز۔ 308,268,249,183,123,89 جلد نمبر 3: صفحہ نمبر۔ 541

خطبات ناصر: حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ؒ

جلد نمبر 1: صفحات نمبرز۔ 243,220,519,720,94,593,256,522,521,538,454,245,425

جلد نمبر 2: صفحات نمبرز۔ 156,72,575,69,619,42,65,50,66,67,72,64,30,280,156,68,425

جلد نمبر 3: صفحہ نمبر۔ 203

جلد نمبر 4: صفحات نمبرز۔ 243,358,420,421,424

جلد نمبر 5: صفحات نمبرز۔ 544,545,738,739,547

جلد نمبر 6: صفحات نمبرز۔ 155,157,189,280,446,447,555

جلد نمبر 7: صفحات نمبرز۔ 79,80,82,87,88,89,91,487

جلد نمبر 8: صفحات نمبرز۔ 285,376,378,546

جلد نمبر 10: صفحات نمبرز۔ 35,236,279,692

خطبات طاہر: حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ؒ

جلد نمبر 1: صفحات نمبرز۔ 190,3,84,88,141,146,158,5,14,21,28,43,44,59,60,62,67,68,7
,341,343,78,27,62,76,287,326,7,83,23,24,26,287,269,270,274

جلد نمبر 2: صفحات نمبرز۔ 498,497,441,120,191,575

جلد نمبر 3: صفحہ نمبر۔ 584

خطبات طاہر (عیدین): حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ؒ

صفحات نمبرز۔ 639,,636,637,439,591,303,443,695,705,298,415,409,295,299,320,296
251,319,250,301,306,321,318,415,170,259،305,300

الہام عقل علم اور سچائی: حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ؒ

صفحات نمبرز۔ 621,231,226,88,76,77

خطبات مسرور: حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

جلد نمبر 1: صفحات نمبرز۔ 417,547 **جلد نمبر 2: صفحات نمبرز**۔ 218,219,223,117,173

جلد نمبر 3: صفحات نمبرز۔ 291 تا 361,375,384,297 **جلد نمبر 5: صفحات نمبرز**۔ 257,258,233

مرزا غلام احمد قادیانی: سید داؤد احمد صاحب

جلد دوم: صفحات نمبرز۔ 1021 تا 1023

مضامین بشیر جلد اوّل: حضرت مرزا بشیر احمد صاحب صفحات نمبرز۔۔ 408 تا 417

سلامتی کونسل میں اہل کشمیر کے حقوق کی جدوجہد

پاکستانی پریس نے حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب کی مساعی کو جس والہانہ انداز میں خراج تحسین پیش کیا۔ اُس کا ذکر نمونۃً پیش ہے

''ہندوستان نے کشمیر کا قضیہ یو۔این۔او میں پیش کر دیا چوہدری صاحب پھر نیویارک پہنچے ۱۶ فروری ۱۹۴۸ کو آپ نے یو۔این۔او میں دنیا بھر کے چوٹی کے دماغوں کے سامنے اپنے ملک و ملت کی وکالت کرتے ہوئے مسلسل ساڑھے پانچ گھنٹے تقریر کی ظفر اللہ کی تقریر ٹھوس، دلائل اور حقائق سے لبریز تھی...... کشمیر کمیشن کا تقرر ظفر اللہ کا ایک ایسا کارنامہ ہے جسے مسلمان کبھی نہ بھولیں گے۔'' (نوائے وقت ۲۴ر اگست ۱۹۴۸ء)

اخبار ''سفینہ'' لاہور نے اپنی اشاعت ۲ر جولائی ۱۹۴۹ء میں یوں تبصرہ کیا:

''سر محمد ظفر اللہ خان نے مسئلہ کشمیر اس خوبی اور جانفشانی سے پیش کیا کہ انہوں نے اپنے حریف آئنگر کو شکست فاش دی اور میدان سیاست میں آنے کا نہیں چھوڑا۔ اکیس ہفتوں کے قلمی اور عقلی معرکوں کے بعد سر ظفر اللہ اپنے وطن لوٹے...... جس دن وادی کشمیر کا الحاق حکومت پاکستان سے اعلان کیا جائے گا تو سر ظفر اللہ خان کی عزت اور شہرت اور بھی بڑھ جائے گی ان کی شخصیت حکومت پاکستان کی تاریخ میں درخشندہ ستارہ رہے گی۔''

ایک ممتاز رہنما سابق سفارتکار اور خارجہ امور کے ماہر جناب شاہد امین نے یوں خراج تحسین پیش کیا:

''اس زمانے میں وزیر خارجہ سر ظفر اللہ خاں تھے۔ بڑے مضبوط کردار کے حامل تھے۔ بیوروکریسی ان کو گھما نہیں سکتی تھی۔ وہ خاص نظریات کے حامل فرد تھے میرا ذاتی تاثر ہے کہ انہوں نے اپنی ان ہی خصوصیات کی وجہ سے اقوام متحدہ میں خاص تاثر قائم کیا تھا۔ کشمیر کے سلسلے میں انہوں نے پاکستان کا کیس بڑے مضبوط طریقے سے پیش کیا تھا۔''

(روزنامہ جنگ ۱۸ر اکتوبر ۲۰۰۱ء)

قیادت تعلیم

مجلس انصار اللہ پاکستان - ربوہ

مقابلہ مقالہ نویسی بعنوان ''جماعت احمدیہ اور خدمت قرآن''

برائے مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

قواعد، ذیلی عناوین وامدادی کتب

2009-10ء

قواعد:

☆ عنوان مقالہ ''**جماعت احمدیہ اور خدمت قرآن**''

